بتاریخ: 22 اگست 2015

# ضابطہ اخلاق برائے نور اسکول

نور اسکول کے لیے چند اصول طے کیے جا رہے ہیں، ان اصولوں کی پابندی سب پر لازم ہو گی۔ عمل نہ کیے جانے کی صورت میں اسکول کی انتظامیہ مناسب اقدامات اُٹھانے کی حقدار ہو گی۔

1۔ وقت کی پابندی کی جائے گی۔

2۔ آپس میں شائستہ زبان استعمال کی جائے گی کسی بھی صورت میں لڑائی جھگڑے سے پرہیز کیا جائے گا۔

3۔ اسکول کی ایک نگران اور ایک مشاورتی ٹیم ہو گی۔ تمام مشاورتی امور میں اُن کا فیصلہ تسلیم کیا جائے گا۔

4۔ "ٹیچرز ٹریننگ پروگرام" باقاعدہ رکھے جائیں گے۔ جن میں تمام اساتذہ کی شرکت لازمی ہو گی کسی بھی مجبوری کی صورت میں اُستاد کو اسکول کی نگران کو اطلاح دینا ہو گی۔

5۔ والدین سے مشاورت کا دن "پیرنٹس ڈے" باقاعدہ رکھا جائے گا تاکہ والدین کسی بھی مشکل، عدم اطمینان، اختلاف یا مشوروں کے اظہار کے لیے اُس موقعے کو اِستعمال کر سکیں۔

6۔ اساتذہ اپنے لباس، اپنی زبان اور اپنے انداز میں اسلام کے اصولوں کا خیال رکھیں گی۔

7۔ بچوں کو ڈانٹ ڈپٹ یا سختی سے پڑھانے کے بجائے نرمی، محبت و شفقت اور پیار سے پڑھایا جائے گا۔

ایسے بچوں میں دین سیکھنے کا شوق پیدا ہو۔

8۔نوراسکول میں سب بحیثیت مسلمان سیکھیں گے۔کسی بھی مسلک کی تبلیغ کی اجازت نہیں ہو گی۔

9۔بچوں کو اسلام کے بنیادی عقائد سے جوڑا جائے گا۔تمام بچوں کو اجازت ہو گی کے وہ اُسی مسلک کی پیروی کریں جس پر اُن کے ماں باپ چلتے ہیں۔کسی کو بھی مسلک، طریقہ کار اور فقہی اختلافات کی وجہ سے تنقید کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

10۔اسکول میں سب بچے برابری کے سلوک کے مستحق ہوں گے۔امیر غریب، تعلیم یافتہ خاندان یا غیر تعلیم یافتہ خاندان، مذہبی غیر مذہبی یا مسلک کی بنیاد پر بچوں میں کوئی تمیز روا نہیں رکھی جائے گی۔

11۔اسکول کی انتظامیہ تمام معاملات کو آپس کے مشورے سے چلائے گی۔تاہم کسی بھی شدید اختلاف کی صورت میں حلقہ نورالایمان کی نگران اور شوریٰ سے رجوع کیا جائے گا۔